17.2۔ حقوق اور فرائض کا مفہوم اور اس کی اہمیت:

ہم اکثر حقوق کے بارے میں بات کرتے ہیں لیکن کیا آپ کو حقوق کی اصطلاح کے بارے میں علم ہے؟ حقوق وہ اصول ہیں جو عوام سے مربوط ہوتے ہیں۔ یہ عوام اور مملکت کے مابین چند حدود بندشیں ہیں۔ حقوق کی تعریف یہ ہے کہ فرد کی ترقی کے لئے ضروری ہیں اور جن کو مملکت یا سماج کی جانب سے تسلیم کیا جاتا ہے۔ حقوق کو اکثر یہ مانا جاتا ہے کہ یہ تہذیب کی بنیاد ہیں اور یہ سماج و کلچر کی بنیادیں تعمیر کرتے ہیں۔

لیکن حقوق کا اصل مطلب تو اسی وقت سامنے آئے گا جب سماج کے افراد اپنے فرائض کو انجام دیں گے۔ فرض وہ ہے جس کی کوئی فرد توقع کرتا ہے یا جو مطلوب ہے۔ مثال کے طور پر: والدین کا یہ فرض ہے کہ وہ ان کے بچوں پر توجہ دیں۔ آپ کے والدین کے تئیں آپ کے بھی کچھ فرائض ہیں۔ ایک ٹیچر کا فرض ہے کہ وہ طلباء کو تعلیم دے۔ دراصل حقوق و فرائض گاڑی کے دو پہیے ہیں جن کی صحیح کارکردگی سے زندگی کی گاڑی چلتی ہے۔ حقوق اور فرائض کو اچھی طرح نبھانے پر ہی زندگی خوشگوار بن سکتی ہے۔ حقوق وہ ہیں جو ہم کسی سے اپنے لئے حاصل کرتے ہیں۔ جب کہ فرائض وہ ہیں جو ہم دوسروں کے لئے ادا کرتے ہیں۔ لہٰذا حق اسی وقت جائز ہوگا جب کہ ہم دوسروں کے حقوق بھی ادا کریں۔ حقوق کے جواز کے لئے ہمیں فرائض ادا کرنے ہوں گے۔ اگر ہمیں صحت یا ٹرانسپورٹ کی عوامی

سہولتوں سے استفادے کا حق ہے تو یہ ہمارا فرض ہے کہ دوسروں کو بھی اس سے فائدہ اٹھانے کا موقع دیں۔ اگر ہم کو آزادی کا حق ہے تو یہ ہمارا فرض ہے کہ آزادی کا غلط استعمال نہ کریں اور نہ کسی کو نقصان پہنچائیں۔

مشغلہ: نیچے دیئے گئے باکس میں اپنے فرائض اور حقوق کو لکھیے جو اپنے خاندان، دوستوں اور پڑوسیوں کے سلسلہ میں آپ پر عائد ہوتے ہیں۔

میرے فرائض

پڑوسیوں سے متعلق
1.
2.

دوستوں سے متعلق
1.
2.

خاندان سے متعلق
1.
2.

میرے حقوق

پڑوسیوں سے متعلق
1.
2.

دوستوں سے متعلق
1.
2.

خاندان سے متعلق
1.
2.